# 29-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ قانون ساز اسمبلی اور قانون ساز کونسل کے سرمائی اجلاس آج شروع ہوئے۔مختلف امور پر بحث کے بعد دونوں ایوانوں کو جمعہ تک کیلئے ملتوی کردیا گیا۔

۲۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی جانب سے ریاست کی ضروریات کے مطابق مناسب مقدار میں یوریا فراہم نہ کیے جانے کی وجہ سے کسانوں کومشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

۳۔ ریونیو محکمہ کے وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ سرکاری اراضی کے تحفظ میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی نہ برتی جائے۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے اطلاع دی ہے کہ ریاست میں آئندہ دو دنوں کے دوران سردی کی شدت میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

Railway

نئے سال کے تحت ٹرینوں کی آمدورفت میں تبدیلیاں کی جارہی ہیں۔ساوتھ سینٹرل ریلوے نے ایک اعلامیہ میں بتایا ہے کہ یکم جنوری سے اس پر عمل آوری ہوگی۔وندے بھارت ایکسپریس سمیت جملہ پچیس ٹرینوں کے روانہ ہونے کے اوقات میں تبدیلی کی جائے گی۔عہدیداروں کے مطابق تبدیلی سے متعلق تفصیلات آئی آرسی ٹی سی ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

Sessiong condolence

ریاستی قانون ساز اسمبلی اور قانون ساز کونسل کے اجلاس آج صبح شروع ہوئے۔قانون ساز اسمبلی نے سابق وزیر کونڈا لکشما ریڈی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا جن کا حال ہی میں انتقال ہوگیا تھا

۔اسپیکر گڈم پرساد کمار نے تعزیتی قرارداد کو پیش کیا اور کہا کہ آنجہانی لیڈر پانچ بار اسمبلی کے لئے منتخب ہوئے۔ ریاستی وزیر اور پی سی سی کے سینئر نائب صدر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ اسپیکر نے چوریاسی سال کی عمر میں چیویلہ حلقہ کی نمائندگی کرنے والے لکشما ریڈی کی حالیہ موت پر افسوس کا اظہار کیا۔ وقفہ صفر کے بعد ایوان کی کاروائی اگلے ماہ کی دو تاریخ کو ملتوی کر دی گئی۔

Year Ender-Dfence

یہ سال ملک کے ترقیاتی سفر میں ایک اہم باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ یہ وہ دور رہا جب حکمرانی کے فیصلے ترقی میں بدلے اور عزم نے عملی شکل اختیار کی۔ اصلاحات کا سال 2025 سیریز کے تحت، آج دفاعی شعبے میں ملک کی پیش رفت پر ایک رپورٹ پیش کی جارہی ہے۔

Voice Package:

اس سال ملک نے اپنے قومی سلامتی کے ڈھانچے کو مزید مضبوط کیا۔ حکومت نے دہشت گردی کے خلاف پانچ مضبوط قوانین نافذ کیے۔ دہشت گرد حملوں پر سخت جواب، جوہری دباؤ پر صفر برداشت، دہشت گردوں اور ان کے معاونین کو ایک ہی نظر سے دیکھنا، مذاکرات میں قومی مفاد کو اولیت دینا، ملک کی خودمختاری پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنا، یہ تمام عزم آپریشن سندور کے ذریعے نمایاں طور پر سامنے آیا۔ مئی میں پہلگام میں ہوئے دہشت گرد حملے کے جواب میں، ملک نے گزشتہ نصف صدی کی سب سے اہم فوجی کارروائیوں میں سے ایک کو انجام دیا۔ مسلح افواج نے پاکستان کی سرزمین پر موجود دہشت گرد انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا اور تقریباً سو دہشت گردوں کو بے اثر کیا۔ گیارہ پاکستانی فضائی اڈوں کو انتہائی درستگی کے ساتھ تباہ کیا گیا۔ مقامی صلاحیتوں پر انحصار کے باعث اس آپریشن نے عالمی توجہ حاصل کی۔ برہموس سپرسونک میزائل، رافیل فائٹر جیٹس اور دیگر جدید ہتھیار اس کارروائی میں استعمال کیے گئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ اس سے ملک کی بڑھتی ہوئی تکنیکی طاقت کا مظاہرہ ہوا ہے۔

Byte Modi

عزم اور موثر عمل کے ساتھ ساتھ، ملک کی دفاعی صلاحیتوں میں بے مثال اضافہ دیکھنے کو ملا۔ دفاعی پیداوار ایک لاکھ چون ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی۔ چار لاکھ تیس ہزار کروڑ روپے مالیت کی دفاعی خریداریوں کو منظوری دی گئی۔ جنگی جہازوں اور آبدوزوں کے آغاز سے لے کر میڈ اِن انڈیا AK-203 رائفلز کی شمولیت تک، اس سال مقامی سطح پر نمایاں پیش رفت ہوئی۔ دفاعی شعبے میں ہونے والی متعدد دیگر پیش رفتوں نے قومی سلامتی اور اسٹراٹیجک خود کفالت کو مزید مضبوط کیا۔

Revised Uria

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ یوریا کی فراہمی مرکزی حکومت کے دائرہ اختیار کا معاملہ ہے اور ریاست کی ضروریات کے مطابق مناسب مقدار میں یوریا فراہم نہ ہونے کی وجہ سے ہی کسانوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اسمبلی میں ایک رکن کی جانب سے اٹھائے گئے سوال پر جواب دیتے ہوئے انہوں نے وضاحت کی کہ ریاستی حکومت نے صرف دستیاب یوریا کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے ایک ایپ متعارف کرائی ہے۔ اس سے قبل دوباک کے رکن اسمبلی کوتا پربھاکر ریڈی نے یہ مسئلہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ کسان یوریا کی قلت سے دوچار ہیں۔

**Sound Byte**

دوسری طرف ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے ایک اور رکن کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ فصلوں کی خریداری مرکزی اداروں کے ذریعہ کی جا رہی ہے۔ بی آر ایس کے رکن پی راجیشور راؤ نے اس مسئلہ کو اٹھاتے ہوئے کہا کہ ریاست کے کئی مقامات پر فصلوں کی خریداری کے معاملے میں کسانوں کو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

Adjourned

قانون ساز کونسل کے چیرمین گوتا سکھندر ریڈی نے کہا ہے کہ آئندہ بجٹ اجلاس تک ازسرِ نو تعمیر کی جا رہی نئی عمارت کے دستیاب ہونے کا امکان ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عمارت کی تعمیر کے کام 90 فیصد مکمل ہو چکے ہیں۔

Sound Byte

ایوان کے اجلاس کے آغاز کے فوراً بعد قانون ساز کونسل میں سابق ایم ایل سی  مادھورم جگ پتی راؤ اور پیر شبیر احمد کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا گیا۔ اس کے بعد چیرمین گوتا سکھندر ریڈی نے حال ہی میں ریاستی وزراء کے طور پر حلف لینے کے بعد پہلی مرتبہ قانون ساز کونسل میں آنے والے وویک وینکٹا سوامی اور اظہر الدین کو ایوان سے متعارف کرایا۔ متعدد امور پر بحث کے بعد قانون ساز کونسل کا اجلاس جمعہ تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔

Counsel

ریاستی وزیر پونم پربھا کر نے قانون ساز کونسل میں کہا کہ خلیجی مما لک میں کام کرنے والے ورکروں کے لیے پرواسی آروگیہ شری اسکیم متعارف کرانے کے معاملے پر حکومت غور کر رہی ہے۔ کانگریس پارٹی کے رکن تین مار ملنا نے اس سلسلے میں ایک عرضداشت پیش کرتے ہوئے اس موضوع پر بات کی اور مطالبہ کیا کہ حکومت خلیجی ورکروں کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دے۔ سرمائی اجلاسوں کے تحت آج قانون ساز کونسل میں اراکین نے مختلف امور پر توجہ دلائی۔ بی آر ایس کے اراکین شروَن کمار اور سربھی وانی دیوی نے کہا کہ آٹزم سے متاثرہ بچے اور ان کے والدین کو معاشرے میں امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ریہیبلیٹیشن مراکز اور کاؤنسلنگ سینٹرز قائم کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ نجی ریہیبلیٹیشن مراکز میں علاج کا خرچ لاکھوں روپے تک پہنچ رہا ہے جو والدین پر بھاری بوجھ بن رہا

ہے۔سی پی آئی کے رکن نیلاکنٹی ستیم نے مطالبہ کیا کہ ریجنل رنگ روڈ کے الائنمنٹ کے معاملے پر حکومت ایک بار پھر نظر ثانی کرے اور آؤٹر رنگ روڈ سے ریجنل رنگ روڈ کا فاصلہ ہر جگہ یکساں رکھا جائے۔ساتھ ہی انہوں نے زمین سے محروم ہونے والوں کو مارکیٹ قیمت کے مطابق معاوضہ ادا کرنے کی بھی اپیل کی۔

zero hour

اسمبلی کے وقفہ صفر کے دوران متعدد اراکین نے اپنے اپنے حلقوں کے مسائل نمایاں طور پر ایوان کے سامنے رکھے۔پرگی کے رکن ٹی رام موہن ریڈی نے مطالبہ کیا کہ ملازمت میں موجود اساتذہ کو ٹی ای ٹی کے رہنما اصولوں سے استثنیٰ دلانے کے لیے مرکزی حکومت کو راضی کیا جائے۔ابراہیم پٹنم کے رکن اسمبلی مل ریڈی رنگا ریڈی نے کہا کہ کئی مضافاتی کالونیاں بارشوں کے باعث زیرِ آب آ رہی ہیں اور کالونیوں کے مکینوں کے تحفظ کے لیے حکومت کو فوری اقدامات کرنے چاہئیں۔کریم نگر کے رکن گنگولا کملاکر نے اپیل کی کہ تروملا اور شبری ملا میں تلنگانہ بھون کی تعمیر کی جائے۔بالکنڈہ کے رکن ویمولا پرشانت ریڈی نے حکومت سے بھیم گل میں سو بستروں کے اسپتال کی تعمیر مکمل کرنے کا مطالبہ کیا۔ کاماریڈی کے رکن وینکٹ رمنا ریڈی نے کہا کہ عوامی نمائندوں کو گفتگو کے دوران لسانی شائستگی کا خیال رکھنا چاہیے۔یاقوت پورہ کے رکن اسمبلی جعفر حسین معراج نے کہا کہ خصوصاً پرانے شہر کی گلیوں میں صفائی کا مسئلہ شدید ہے اور اس کے حل کے لیے فوری اقدامات ضروری ہیں۔آلیر کو ریونیو ڈویژن بنانے کا مطالبہ اس حلقے کے رکن اسمبلی بیرلا ایلیا نے کیا، جبکہ کوتہ گوڑم کے رکن کے سامبا شیوا راؤ نے سنگارینی مزدوروں کے مسائل حل کرنے کی اپیل کی۔اس طرح عنبر پیٹ کے رکن اسمبلی کے وینکٹیشم نے حیدرآباد کے موسیٰ رام باغ پل کو تیزی سے مکمل کرنے کا مطالبہ کیا جبکہ جنگاؤں کے رکن اسمبلی پی راجیشور راؤ نے سابق سرپنچوں کے بقایا بل فوری طور پر منظور کرنے کا مسئلہ اٹھایا۔

دوسری طرف حال ہی میں منتخب ہونے والے جوبلی ہلز کے رکن نوین یادو سمیت دیگر اراکین نے بھی اپنے اپنے حلقوں کے مقامی مسائل ایوان کی توجہ مبذول کروائی۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریونیو محکمہ کے وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ سرکاری اراضیات عوام کی ملکیت ہیں اور ان کے تحفظ میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی نہیں برتنی چاہیے۔آج سکریٹریٹ میں اپنے دفتر میں انہوں نے ریاستی وزیر اظہرالدین اور جوبلی ہلز کے ایم ایل اے نوین یادو کے ساتھ مل کر جوبلی ہلز حلقے میں انتخابات کے دوران کیئے گئے وعدوں،قبرستانوں اور دیگر امور پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ غریبوں کی فلاح و بہبود،عوامی ضروریات اور ترقیاتی پروگراموں کے لیے استعمال کی جانے والی سرکاری زمینوں پر بعض افراد ذاتی مفادات کے تحت ناجائز قبضے کر رہے ہیں۔انہوں نے ہدایت دی کہ تجاوزات کرنے والوں سے زمینیں واپس لے کر سرکاری تحویل میں لی جائیں۔ریاستی وزیر نے یہ بھی ہدایت دی کہ متنازعہ زمینوں کے تحفظ کے لیے قانونی طور پر درکار تمام اقدامات فوری طور پر کیے جائیں۔

Weather

ریاست میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔گزشتہ چند دنوں سے کئی اضلاع میں درجہ حرارت 10 ڈگری سیلسیس سے بھی کم ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے سرپور (یو) میں کم سے کم درجہ حرارت 7.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ آج اور کل بھی ریاست میں سردی کی شدت برقرار رہنے کے امکانات ہیں۔ اس سلسلے میں 14 اضلاع کے لیے'اورنج الرٹ' جاری کیا گیا ہے۔

OO